

NYC Department of Education

# مالی سال 2026
# معاہدہ برائے اعلیٰ معیار
# اور کلاس کے سائز سے
# متعلق مشاورت

**مالی سال 2026 مجوزہ منصوبہ**

برو سماعت ۔ بروکلن

16 جون، 2025

# اعلیٰ معیار(C4E) معاہدوں کا پس منظر

- C4E قانون سازی 2007-08 کے منظور شدہ ریاستی بجٹ کے تحت فاؤنڈیشن ایڈ کا حصہ بنی، اور اس کا تقاضا ہے کہ فاؤنڈیشن ایڈ کا ایک حصہ مخصوص اور محدود مقاصد کے لیے استعمال کیا جائے۔

- C4E کا تقاضا ہے کہ فنڈز ایسے مخصوص پروگراموں پر صرف کیے جائیں جو اُن طلباء کی تعلیمی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے تیار کیے گئے ہوں جنہیں تعلیمی مدد کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ ان میں انگریزی زبان میں محدود مہارت والے طلباء، غربت کا شکار طلباء، اور معذور طلباء شامل ہیں، مگر یہ فہرست ان تک محدود نہیں۔

- 2022 میں C4E قانون میں ترمیم کی گئی تاکہ کلاس سائز کی حد سے متعلق اضافی تقاضے شامل کیے جا سکیں۔

# اعلیٰ معیار(C4E) معاہدوں کا پس منظر

فنڈنگ کا استعمال صرف درج ذیل مجوزہ اقدامات کے دائرہ کار میں کیا جا سکتا ہے۔ وضاحت کے طور پر، ذیل میں ہر اقدام کے تحت کچھ پروگراموں کی مثالیں شامل کی گئی ہیں، جو SED کی منظوری سے مشروط ہیں۔

- اضافی تدریسی وقت: "ٹائم آن ٹاسک" ( (Time on Task**مثال**: تعلیمی سال میں توسیع، اسکول کے بعد تعلیمی معاونت۔
- کثیر لسانی طلباء کے لیے ماڈل پروگرامز **مثال**: لائبریریوں میں دو لسانی وسائل و مواد کی توسیع۔
- پورے دن کا پری-کنڈرگارٹن اور کنڈرگارٹن **مثال**: اضافی کلاسیں (اضافی عملہ) اور/یا پورے دن کی پری کنڈرگارٹن (4K) کے نفاذ سے متعلق اخراجات کا اضافہ۔
- کلاس کے سائز میں کمی۔ **مثال**: اساتذہ کی بھرتی/اساتذہ کی تنخواہوں کی ادائیگی تاکہ طالب علم و ٹیچر کے تناسب میں کمی لائی جا سکے۔
- اساتذہ اور پرنسپل کی قابلیت میں بہتری کے اقدامات۔ **مثال**: اعلیٰ معیار کے اساتذہ کو زیادہ ضرورت والے علاقوں میں پڑھانے کے لیے غیر نقد مراعاتی پروگرام کا قیام۔
- مڈل/ہائی اسکول کی تنظیم نو۔ مثال: ایڈوانسڈ پلیسمنٹ (Advanced Placement) پروگرامز میں شرکت کے دائرہ کار کو بڑھانا۔
- اس کے علاوہ، SED کمشنر اضلاع کو تجرباتی پروگراموں پر عملدرآمد کی اجازت دے سکتے ہیں۔ ایسے کسی بھی پروگرام پر عملدرآمد سے قبل پیشگی اجازت حاصل کرنا ضروری ہوگا۔
- اہل مقاصد اور تقاضوں کے متعلق مزید معلومات کے لیے براہِ کرم NYSED کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں: https://www.p12.nysed.gov/mgtserv/C4E/htm/researchandguide.html

# اعلیٰ معیار(C4E) معاہدے برائے مالی سال 2026

- **مالی سال 2026 میں C4E میں 286 ملین ڈالر کا اضافہ ہو رہا ہے، جو 802 ملین ڈالر سے بڑھ کر 1.089 ارب ڈالر ہو جائے گا۔**
  - یہ 241 ملین ڈالر کے نئے فنڈز پر مشتمل ہے جو مالی سال 2026 میں کلاس کے سائز سے متعلق حکومتی تقاضے کے لیے استعمال کیے جائیں گے، اور 45 ملین ڈالر کے موجودہ فنڈز پر مشتمل ہے جو گزشتہ سال کے کلاس سائز کے فنڈز میں سے C4E کے طور پر مرحلہ وار شامل کیے جائیں گے اور کلاس سائز میں کمی کے مقصد کے لیے استعمال کیے جاتے رہیں گے۔

- **مالی سال 2026 میں 1.089 ارب ڈالر کی مجوزہ تقسیم**
  - **صوابدیدی- 487 ملین ڈالر.**
    - یہ فنڈز اسکولوں کو مختص کیے گئے ہیں اور اسکول کی صوابدید پر کسی بھی اہل C4E مقصد کے لیے استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ پرنسپل اپنی اسکول قیادتی ٹیموں (SLTs) کے ساتھ مل کر تعلیمی سال 26-2025 کے لیے فنڈز کے استعمال کی منصوبہ بندی کریں گے، تاکہ یہ پچھلی سلائیڈ میں درج منظور شدہ مقاصد سے مطابقت رکھتا ہو۔ انہیں یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ تعلیمی سال 25-2024 میں کیے گئے رقم کے استعمال کو تبدیل کریں، یا عملے کے ان عہدوں اور پروگرامز کو برقرار رکھیں جنہیں تعلیمی سال 25-2024 میں سرمایہ فراہم کیا گیا تھا۔
  - **مخصوص اور کوشش برقرار رکھنا - 602 ملین ڈالر (Targeted & Maintenance of Effort):**
    - یہ فنڈز مخصوص مجاز پروگراموں کی معاونت کے لیے اسکولوں کو تفویض کیے گئے ہیں۔ جن اسکولوں کو فنڈز تفویض کیے گئے ہیں، ان کا انتخاب (a) طلباء کی مجموعی ضرورت اور (b) مخصوص پروگرام پر عمل درآمد کی صلاحیت کی بنیاد پر کیا گیا۔
      - **241 ملین ڈالر – کلاس کا سائز کم کرنے کے حکومتی تقاضے کے لیے نیا C4E فنڈ**
      - **45 ملین ڈالر – کلاس کا سائز کم کرنے کے حکومتی تقاضے کے لیے فنڈ (جاری )**
      - 183 ملین ڈالر – فیئر اسٹوڈنٹ فنڈنگ (منصفانہ طلباء فنڈنگ)
      - 87 ملین ڈالر – مربوط مشترکہ تدریسی کلاس رومز
      - 30 ملین ڈالر – سمر پروگرام ((MOE
      - 9 ملین ڈالر – مکمل دن کا پری کنڈرگارٹن پروگرام
      - 7 ملین ڈالر – آٹزم اسپیکٹرم عارضہ (Autism Spectrum Disorder) کلاس رومز

# مجوزہ فنڈز کی تفویض
# شہرگیر سطح پر

| تفویض کی قسم | رقم | % |
|---|---|---|
| صوابدیدی (اسکول منظور شدہ پروگراموں کے دائرے میں استعمال کا فیصلہ خود کرتے ہیں) | | %44.70 |
| کلاس کا سائز کم کرنے کے حکومتی تقاضے کے لیے نیا C4E فنڈ (اہدافی اسکولوں کے لیے اس مقصد پر خرچ کرنا ضروری ہے) | $241,137,541 | 22.15% |
| منصفانہ طالب علم فنڈنگ (اہدافی: اسکولوں کے لیے اس مقصد پر خرچ کرنا ضروری ہے) | 182,752,118$ | 16.79% |
| مربوط مشترکہ تدریسی کلاس رومز (اہدافی: اسکولوں کے لیے اس مقصد پر خرچ کرنا ضروری ہے) | $87,354,695 | 8.02% |
| کلاس کے سائز میں تدریجی کمی (اہدافی: اسکولوں کے لیے اس مقصد پر خرچ کرنا ضروری ہے) | $44,967,715 | 4.13% |
| موسمِ گرما کے پروگرامز ( کوشش برقرار رکھنا) | $30,000,000 | 2.76% |
| مکمل دن پری کنڈرگارٹن (اہدافی: اسکولوں کے لیے اس مقصد پر خرچ کرنا ضروری ہے) | $8,702,365 | 0.80% |
| آٹزم اسپیکٹرم عارضہ (Autism Spectrum Disorder) کلاس رومز(اہدافی: اسکولوں کے لیے اس مقصد پر خرچ کرنا ضروری ہے) | $7,110,664 | 0.65% |
| **کُل** | **$1,088,652,972** | **100.00%** |

# مجوزہ فنڈز کی تفویض
# بروکلن

| تفویض کی قسم | رقم | % |
|---|---|---|
| صوابدیدی (اسکول منظور شدہ پروگراموں کے دائرے میں استعمال کا فیصلہ خود کرتے ہیں) | $139,229,867 | 45.34% |
| کلاس کا سائز کم کرنے کے حکومتی تقاضے کے لیے نیا C4E(اہدافی: اسکولوں کے لیے اس مقصد پر خرچ کرنا ضروری ہے) | $63,694,599 | 20.74% |
| منصفانہ طالب علم فنڈنگ (اہدافی: اسکولوں کے لیے اس مقصد پر خرچ کرنا ضروری ہے) | $52,446,870 | 17.08% |
| مربوط مشترکہ تدریسی کلاس رومز (اہدافی: اسکولوں کے لیے اس مقصد پر خرچ کرنا ضروری ہے) | $25,012,040 | 8.15% |
| کلاس کے سائز میں تدریجی کمی (اہدافی: اسکولوں کے لیے اس مقصد پر خرچ کرنا ضروری ہے) | $13,276,013 | 4.32% |
| موسمِ گرما کے پروگرامز ( کوشش برقرار رکھنا) | $9,222,120 | 3.01% |
| مکمل دن پری کنڈرگارٹن (اہدافی: اسکولوں کے لیے اس مقصد پر خرچ کرنا ضروری ہے) | $3,289,206 | 1.07% |
| آٹزم اسپیکٹرم عارضہ (Autism Spectrum Disorder) کلاس رومز(اہدافی: اسکولوں کے لیے اس مقصد پر خرچ کرنا ضروری ہے) | $903,087 | 0.29% |
| **کُل** | **$307,073,802** | **100.00%** |

# اعلیٰ معیار کے معاہدوں کے لیے عوامی رائے

- اس حکومتی تقاضے پر عمل درآمد کی جانب پیش رفت جاری رکھنے کے دوران ہم آئندہ ہفتوں میں C4E منصوبے کے حوالے سے عوامی آراء حاصل کریں گے۔

- C4E منصوبے پر عوامی رائے جمع کروانے کی آخری تاریخ 8 جولائی 2025 ہے۔

- معلمین، والدین، اور نیویارک شہر برادری کے تمام دیگر اراکین اپنی آراء ای میل کے ذریعے یہاں جمع کروا سکتے ہیں contractsforexcellence@schools.nyc.gov

# کلاس کے سائز میں کمی کا منصوبہ

- اعلیٰ معیار کے معاہدوں کی عوامی مشاورت کے عمل کے تحت ایک **مسودہ** منصوبہ شائع کیا گیا ہے۔
- عام افراد اس عمل کے ذریعے اپنی رائے فراہم کر سکتے ہیں۔
- عوامی رائے کے بعد، NYCPS اس منصوبے کو حتمی شکل دینے کے لیے اساتذہ اور پرنسپلز کی یونینز کے ساتھ مل کر کام کرے گا۔ قانون کے تحت، ان یونینز کی منظوری منصوبے کو حتمی شکل دینے سے قبل ضروری ہے۔
- منصوبے میں اسکول اور مرکزی سطح کی پالیسیوں کا خاکہ پیش کیا گیا ہے۔

# کلاس کے سائز میں کمی کے مسودہ منصوبے کا خلاصہ

- منصوبے میں شامل ہے
  - تعلیمی سال 2025-2026 کے لیے اسکول کی قیادت پر مبنی منصوبہ بندی کا طریقہ اختیار کیا گیا ہے، جس کے نتیجے میں اسکولوں کو براہِ راست اضافی وسائل فراہم کیے گئے ہیں، جن میں 241 ملین ڈالر اعلیٰ معیار کے معاہدوں ( Contracts for Excellence) کے تحت اور اضافی شہری فنڈز شامل ہیں۔
    - **لگ بھگ 3,700 نئے اساتذہ کی تقرری کے لیے تقریباً 750 اسکولوں کو فنڈز تفویض کیے گئے۔**
    - منصوبوں کو انفرادی اسکولوں نے اپنی اسکول قیادتی ٹیموں (SLTs) سے مشاورت کے ساتھ تیار کیا۔
    - منصوبوں کا اجتماعی جائزہ NYCPS، اساتذہ کی یونائیٹڈ فیڈریشن (UFT)، اور کونسل برائے اسکول نگران و منتظمین (CSA) نے مشترکہ طور پر لیا۔

  - اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ تعلیمی سال 2024-25 کے لیے NYCPS کے تحت 46٪ کلاسز مقررہ اہداف سے کم تھیں، جو کہ اس سال کے لیے قانون کے تحت درکار 40٪ کی حد سے زیادہ ہے۔

  - پرنسپل اسپیس سروے کے نتائج اور کمروں کو تدریسی مقاصد کے لیے مختص کرنے کے عمل سے متعلق تازہ ترین معلومات فراہم کی گئیں، جس سے NYCPS کو توقع ہے کہ اُن اسکولوں میں، جہاں مطابقت کے لیے درکار جگہ موجود نہیں، **1500 اضافی نشستیں** فراہم کی جا سکیں گی۔

  - اسکول تعمیراتی اتھارٹی (SCA) نے کلاس کے سائز سے متعلق قانون اور مقامی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اپنی **تعمیراتی حکمتِ عملی کو وسعت** دی۔

  - **اساتذہ کی بھرتی اور اُن کی ملازمت برقرار** رکھنے کے لیے متعدد عملی منصوبے اپنائے گئے ہیں، جن میں ایک نیا "ڈسٹرکٹ پوائنٹ پائلٹ" پروگرام بھی شامل ہے۔

Department of Education

# کلاس کے سائز میں کمی سے متعلق منصوبے پر عوامی آراء

- اس حکومتی تقاضے پر عمل درآمد کی جانب پیش رفت جاری رکھتے ہوئے، ہم آئندہ ہفتوں میں C4E منصوبے کے حوالے سے عوامی آراء کو مدنظر رکھیں گے۔
- عوامی آراء جمع کروانے کی آخری تاریخ 8 جولائی 2025 ہوگی۔
- اساتذہ، والدین، نگہداشت فراہم کنندہ، اور نیو یارک شہر کی برادری کے دیگر تمام افراد اپنی آراء ای میل کے ذریعے ClassSize@schools.nyc.gov پر جمع کروا سکتے ہیں۔